(۲) یونین بکڈپو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

یہ چند نظموں رباعیات اور قطعات کا مجموعہ ہے جن کا موضوع حمد و نعت - درود و سلام، منقبت شہادت کبریٰ کا بیان اور تاریخ اسلام کے بعض واقعات ہیں۔ اشعار پراثر اور ولولہ انگیز ہیں جن سے لائق مصنف کی گہری عقیدت و ارادت کا اظہار ہوتا ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کر کے ثواب دارین حاصل کریں گے۔

ترجمان القرآن پارۂ اول ضخامت ۴۴ صفحات
ترجمان القرآن پارۂ عم ضخامت ۱۷۶ صفحات
از جناب عبدالحق عباس صاحب تقطیع خورد کتابت بہتر قیمت علی الترتیب ۸/ و ۱۲/ پتہ :- المکتبۃ العلمیہ ۱۵ لیک روڈ لاہور۔

قرآن مجید کے اردو ترجمے کثرت سے شائع ہو چکے ہیں مگر اس کتاب کے فاضل مصنف نے جدت یہ کی ہے کہ ہر آیت کا ترجمہ پہلے ہر ہر لفظ کے لئے الگ الگ خانہ بنا کر اس طرح کیا ہے جس سے یہ معلوم ہو کہ کون سا لفظ قرآن مجید کے کس لفظ کا ترجمہ ہے اس کے بعد عام سہولت کے لئے دوسری سطر میں بامحاورہ اردو ترجمہ بھی کر دیا گیا ہے اگرچہ ہمارے نزدیک اس جدت سے بھی خاطر خواہ فائدہ اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ ترجمہ پڑھنے والا تھوڑی بہت عربی سے واقف نہ ہو۔ تاہم اس ترجمہ کا یہ فائدہ ضرور ہے کہ یہ ترجمہ بھی ہے اور لغت القرآن بھی! اور اس حیثیت سے اس کا افادہ ان تراجم سے زیادہ ہے جو محض ترجمہ ہیں۔

(۱) بچوں کا حساب قیمت ۵/
(۲) آسان ریاضی حصہ اول قیمت ۶/
(۳) آسان ریاضی حصہ دوم قیمت ۱۰/
از جناب شوکت علی صاحب بی - اے ایل - ٹی - پتہ :- مکتبۂ جماعت اسلامی ہند رام پور (یوپی)

رام پور کی جماعت اسلامی نے مسلمان